صوبائی اسمبلی صوبہ خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 05 مئی 2017ء بمطابق 08 شعبان المعظم 1438 ہجری بعد از دو پہر چار بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر، مہر تاج روغانی مسند صدارت پر متمکن ہوئیں۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَo فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِo وَمَن يَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِندَ رَبِّهِ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَo وَقُل رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ۔

(ترجمہ): کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو بے فائدہ پیدا کیا ہے اور یہ تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ گے ؟۔ تو خدا جو سچا بادشاہ ہے (اس کی شان) اس سے اونچی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی عرش بزرگ کا مالک ہے۔ اور جو شخص خدا کے ساتھ اور معبود کو پکارتا ہے جس کی اس کے پاس کچھ بھی سند نہیں تو اس کا حساب خدا ہی کے ہاں ہوگا۔ کچھ شک نہیں کہ کافر رستگاری نہیں پائیں گے۔ اور خدا سے دعا کرو کہ میرے پروردگار مجھے بخش دے اور (مجھ پر) رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔ وآخِرُالدَّعوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔رَبِّ ٱشۡرَحۡ لِي صَدۡرِي وَيَسِّرۡ لِيٓ أَمۡرِي وَٱحۡلُلۡ عُقۡدَةٗ مِّن لِّسَانِي يَفۡقَهُواْ قَوۡلِي۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Madam Deputy Speaker: 'Question hours': Questions No. 4886, 4860 and 4856, asked by Sardar Hussain Chitrali, he is not present, it lapses. Next Question No. 4891, Sardar Aurangzeb Nalotha Sahib.

* 4891 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیاوزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست کہ محکمہ میں ریسرچ آفیسر قانون اور اسسٹنٹ پبلک پراسیکیوٹرز کی بھرتیاں ہوئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ریسرچ آفیسر قانون اور اسسٹنٹ پبلک پراسیکیوٹر کے انٹری ٹیسٹ، انٹرویو اور بھرتی کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) محکمہ ہذا میں ریسرچ آفیسر قانون اور اسسٹنٹ پبلک پراسیکیوٹر کی بھرتیوں کا عمل جاری ہے۔

(ب) مذکورہ آسامیوں پر بھرتی کیلئے این ٹی ایس ٹیسٹ ہو چکا ہے اور شارٹ لسٹنگ کا عمل جاری ہے، شارٹ لسٹنگ کمیٹی کی فائنل میٹنگ کے بعد انٹرویو کا عمل شروع ہو جائے گا تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ۔جناب سپیکر صاحبہ! میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ جو انہوں نے جواب دیا ہے کہ مذکورہ آسامیوں پر بھرتی کیلئے این ٹی ایس ٹیسٹ ہو چکا ہے اور شارٹ لسٹنگ کا عمل جاری ہے، شارٹ لسٹنگ کمیٹی کی فائنل میٹنگ کے بعد انٹرویو کا عمل شروع ہو جائے گا تو یہ چار سالوں سے ابھی تک یہ جاری ہے، یہ عمل کب تک مکمل ہو گا؟ اور کب تک ان لوگوں کی اپوائنٹمنٹس ہوں گی، میں اس کی منسٹر صاحب سے وضاحت چاہتا ہوں؟

Madam Deputy Speaker: Nadia Sher was supposed to answer this, she told me last night that she will be coming and she said she is prepared for the answer. Can we wait just for some time-----

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون، پارلیمانی امور وانسانی حقوق): میڈم!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: لاء منسٹر، پلیز۔

وزیر قانون، پارلیمانی امور و انسانی حقوق: میڈم سپیکر! آنریبل ممبر نے کوئسچن پوچھا ہے جس کی Reply باقاعدہ ڈیپارٹمنٹ نے دی ہے، پھر بھی میں ان کی تسلی کیلئے اتنا ضرور کہتا ہوں کہ 15 نومبر 2015ء کو مذکورہ آسامیوں پر بھرتی کیلئے باقاعدہ این ٹی ایس ٹیسٹ ہو چکا ہے اور جس کی شارٹ لسٹنگ کا عمل بھی جاری ہے، اور شارٹ لسٹنگ کی فائنل میٹنگ کے بعد انٹرویو کا عمل شروع ہو جائے گا، تفصیل بھی اس میں انہوں نے مانگی ہے اور اس کی ڈیٹیل بھی، Different اضلاع سے اسسٹنٹ پبلک پراسیکیوٹرز اور باقی جو آفیسرز کیلئے یہ باقاعدہ اشتہار ہوا ہے، پھر وہ اخبار میں آنے کے بعد این ٹی ایس ٹیسٹ ہوا ہے، اور باقاعدہ کوالیفائی کرنے کے بعد اس کیلئے یہ جو کمیٹی بنائی گئی ہے ریسرچ آفیسر اور اسسٹنٹ پبلک پراسیکیوٹر کیلئے، اس میں اب فائنل جو میٹنگ مقرر تھی وہ اسی 19 اپریل 2017ء کو مقرر تھی لیکن Unfortunately بعض اوقات ڈیپارٹمنٹ میں ٹرانسفر وغیرہ ہو جاتے ہیں تو کورم کمپلیٹ نہ ہونے کی وجہ سے یہ ہو جاتا ہے، ان شاءاللہ میں ان کو یہ تسلی دیتا ہوں کہ بہت جلد اس پہ ہماری کوشش ہے، اور واقعی یہ لیٹ ہو چکا ہے، اتنا لیٹ نہیں ہونا چاہیئے تھا کوشش ہے کہ جلد ہی ان شاءاللہ اس پہ اب اپوائنٹمنٹ کر لیں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: منسٹر صاحب نے وہی پڑھا ہے جو محکمہ نے جواب دیا ہے، وہی انہوں نے پڑھ کر مجھے جواب دے دیا ہے، سپیکر صاحبہ! میں ان سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ تین سالوں میں اگر یہ بھرتیاں نہیں ہو سکیں ہیں، ابھی تک یہ عمل جاری ہے تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا ان کی حکومت کے دوران یہ لوگ بھرتی ہو جائیں گے، یہ عمل مکمل ہو جائے گا یا نہیں ہو گا؟ اگر یہ منسٹر صاحب، میں یہ کہتا ہوں کہ اگر خدانخواستہ ان کی تیاری نہیں ہے تو اس سوال کو میں پینڈنگ رکھ لیتا ہوں، لیکن اگر آپ جواب دینا چاہیں، آپ ماشاءاللہ لاء منسٹر ہیں آپ کا جواب Authentic ہونا چاہیئے، ایسا نہ ہو کہ کل دوبارہ مجھے یہ کوئسچن لانا پڑے اور پھر آپ یہاں پہ مجھے مطمئن نہ کر سکیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون، پارلیمانی امور و انسانی حقوق: میں ایک بار پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ Last جو میٹنگ ہوئی ہے
Meeting of the short listing committee for recruitment of various post under the ADP Project etc, etc, I am directed subject noted above and to state that the subject meeting is scheduled to be held on 19-4-2017 under the chairmanship of Deputy Secretary Finance, etc

میڈم! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان شاءاللہ ہماری یہ کوشش ہے کہ کسی کے ساتھ ناانصافی بھی نہ ہو اور میرٹ کی بنیاد پہ این ٹی ایس کے ذریعے جتنے بھی، یہ لسٹ آئی ہوئی ہے Annexure ہے، تو ان شاءاللہ کوشش ہے کہ جلد از جلد اس پہ ہم اپوائنٹمنٹس کر لیں، میں نے نوٹس میں لے لیا ہے، ان شاءاللہ میں ان کے ساتھ اس معاملے میں بیٹھنے کیلئے بھی تیار ہوں اور ہماری کوشش ہے کہ جلد از جلد یہ اپوائنٹمنٹس ہو جائیں تاکہ لوگوں کو استفادہ حاصل ہو سکے۔

Madam Deputy Speaker: Thank you, thank you, Nalotha Sahib.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ٹھیک ہے جی۔

Madam Deputy Speaker: Thank you very much, okay; next Question is again Sardar Aurangzeb Nalotha Sahib.

آپ کا کوئسچن ہے جی، نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جی جی میڈم، کون سا نمبر ہے؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نمبر میں بتاؤں؟ (قہقہہ) 4784۔

* 4784 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر صحت و انفارمیشن ٹیکنالوجی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سابقہ دور حکومت میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کی ترقی کیلئے آئی ٹی بورڈ کو ایک ارب روپے کی رقم مہیا کی گئی تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ سال 2012ء میں (DDWP) کے اجلاس میں آئی ٹی پارک کی فیزیبلٹی رپورٹ کی منظوری دی گئی تھی؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ایبٹ آباد میں آئی ٹی پارک کے قیام کیلئے محکمہ خوراک سے 22 کنال زمین خریدی گئی تھی;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) دو سال گزرنے اور فنڈز کے دستیابی کے باوجود آئی ٹی پارک ایبٹ آباد پر کام شروع نہیں کیا گیا، نیز گودام کی پرانی عمارت جو کہ بوسیدہ اور انتہائی خطرناک ہو چکی ہے، کو اب تک کیوں نہیں ہٹایا گیا;

(ii) محکمہ مذکورہ پراجیکٹ میں تاخیر اور رکاوٹ ڈالنے والے افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، نیز منصوبہ کب تک مکمل ہو گا؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی)} (جواب وزیر معدنیات نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی نہیں، مذکورہ زمین محکمہ خوراک سے خریدی نہیں گئی تھی بلکہ محکمہ ہذا کو ٹرانسفر کی گئی تھی۔

(i) مذکورہ پراجیکٹ 500 ملین کے کل بجٹ کے ساتھ یکم اپریل 2014ء کو منظور ہوا تھا، جس کا مقصد آئی ٹی پارک ایبٹ آباد کی بلڈنگ کا ڈیزائن اور فیزیبلٹی سٹڈی کرنا تھا، پراجیکٹ کا ٹینڈر چار دفعہ ڈائریکٹریٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی نے اخبار میں شائع کیا تھا لیکن کوئی بھی Consultancy فرم منتخب نہیں ہو سکی تھی۔

(ii) لہذا مذکورہ پراجیکٹ یعنی آئی ٹی پارک ایبٹ آباد کا ڈیزائن اور ماسٹر پلان ST&IT ڈیپارٹمنٹ کو سونپا گیا تھا، یہ معاملہ خیبر پختونخوا آئی ٹی بورڈ کی چھٹی بورڈ میٹنگ مورخہ 8 نومبر 2016ء کو وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی سربراہی میں پیش کیا گیا تھا، جس میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ مذکورہ پراجیکٹ سی اینڈ ڈبلیو کرے گا، سی اینڈ ڈبلیو کو اس زمرے میں ہدایات جاری کر دی تھیں، جس کے تحت سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ نے ایبٹ آباد آئی ٹی پارک کا ماسٹر پلان مکمل کر لیا ہے، جس کی کاپی ایوان کو فراہم کی گئی، جبکہ مذکورہ آئی ٹی پارک کے ڈیزائن پر سی اینڈ ڈبلیو کام کر رہا ہے جو کہ عنقریب پایہ تکمیل تک پہنچ جائے گا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میڈم! یہ بھی اسی طرح کا سوال ہے، مجھے سوال بھیجے ہوئے بھی غالباً ایک سال ہو گیا ہے، اس کے بعد مجھے جواب آیا ہے تو اس میں بھی اسی طریقے سے انہوں نے مجھے جواب دیا ہے، میں نے ان سے پوچھا تھا کہ دو سال گزرنے اور فنڈز کی دستیابی کے باوجود آئی ٹی پارک ایبٹ آباد پر کام کیوں شروع نہیں کیا گیا، نیز جو پرانی اور بوسیدہ اور انتہائی خطرناک عمارت ہے اس کو کب تک وہاں سے ہٹایا جائے گا؟ تو اس کا جواب بھی اسی طرح سے دیا گیا ہے کہ آئی ٹی پارک کی بلڈنگ کا ڈیزائن اور فزیبلٹی سٹڈی کرنی تھی، پراجیکٹ کا ٹینڈر چار دفعہ ڈائریکٹریٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی نے اخبار میں شائع کیا تھا لیکن کوئی بھی Consultancy فرم منتخب نہیں ہو سکی، اور اسی طرح آگے بھی جو اس کی تفصیل دی گئی ہے میں اس سے مطمئن نہیں ہوں، سپیکر صاحبہ! میں یہ سمجھتا ہوں کہ میرا یہ کوئسچن اگر کمیٹی کے حوالے کیا جائے، اس میں اتنی سست روی اور بالکل مایوس کن ریزلٹ ہے، تو یہ بالکل اس طریقے سے لوگوں کے ساتھ زیادتی ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی لاء منسٹر صاحب۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون، پارلیمانی امور وانسانی حقوق): یہ تو میرے خیال میں میرے ساتھ ڈیپارٹمنٹ کا کوئی رابطہ بھی نہیں ہوا، بہتر یہی ہو گا کہ اس کوئسچن کو آپ پینڈنگ رکھیں، نیکسٹ ٹائم کیلئے کیونکہ Relevant منسٹر صاحب بھی نہیں ہیں اور میرے ساتھ ڈیپارٹمنٹ کا کوئی رابطہ بھی نہیں ہوا تو یہ میری ریکویسٹ ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحبہ! بات تو پھر وہی آتی ہے کہ لاء منسٹر صاحب کہتے ہیں کہ Relevant Minister نہیں ہیں، تو یہ بھی بتا دیں کہ Relevant Minister کب آئیں گے، وہ کون سا مبارک دن ہو گا، جس دن Relevant Minister آکر ہمیں سوالوں کے جواب دیں گے؟ یہ تو ہمارے ساتھ ایک مذاق ہے، تمام ممبران کے ساتھ، اس ہاؤس کے ساتھ کہ جب بھی ایک سال کے بعد ہمارا کوئسچن آتا ہے تو اس دن جواب دینے کیلئے منسٹر صاحب نہیں آتے ہیں، میرے خیال کے مطابق خود منسٹر صاحبان کسی ڈیپارٹمنٹ کے متعلق معلومات نہیں رکھتے ہیں، ان کا تجربہ نہیں ہے تو آپ ان سے استعفیٰ لے لیں، پی ٹی آئی کے بہت سے

لوگ ادھر بیٹھے ہوئے ہیں، کسی اور کو وہ منسٹری دے دیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان سوالوں کے جوابات انہیں آتے نہیں ہیں، اس لئے وہ اسمبلی میں نہیں آتے ہیں یا وہ اس اسمبلی کو وقعت نہیں دیتے ہیں، بے وقعت کر رہے ہیں اسمبلی کو، سپیکر صاحبہ! میں نے اس دن بھی آپ سے یہی ریکویسٹ کی تھی کہ مہربانی کر کے آپ جس چیئر پہ بیٹھی ہیں، اس اسمبلی کا تقدس آپ نے پامال ہونے سے بچانا ہے تو ان کو آپ سخت تاکید کریں کہ اگر یہ جواب نہیں دے سکتے تو پھر ہمیں کہا جائے ہم اپنا وقت بھی ضائع نہ کریں، قوم کا اتنا پیسہ بھی نہ نقصان ہو ہمارے سوالوں کے اوپر مختلف ڈیپارٹمنٹس کے جوابات آتے آتے بھی ایک سال، کبھی آٹھ مہینے گزر جاتے ہیں، تو میں کیسے توقع رکھوں کہ Next day جس طرح لاء منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ منسٹر صاحب اگلے اجلاس میں آئیں گے، کب آئیں گے، میں تو نہیں سمجھتا کہ منسٹر صاحب آئیں گے، آج کیا منسٹر صاحب کو تکلیف تھی کہ وہ نہیں آئے؟ میں یہ سمجھتا ہوں اور جو حالات سامنے نظر آرہے ہیں، تحریک انصاف اس ہاؤس کو چھوڑ کر جلسوں اور جلوسوں میں، اجلاس بلانا چھوڑ دیں، صوبے کے عوام کا اتنا وقت ضائع ہو رہا ہے اور یہ اسمبلی کو ذرا بھی، بالکل وقعت نہیں دے رہے ہیں اور جلسوں اور جلوسوں میں صوبائی حکومت کو Involve کر کے صوبے کے مسائل سے چشم پوشی کی جارہی ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہم سب کے ساتھ زیادتی ہے سپیکر صاحبہ۔

<u>جناب شاہ حسین خان</u>: میڈم سپیکر۔

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Anisa Bibi, can you say some thing in this Question?

نلوٹھا صاحب کا کوئسچن ہے This is 4784 and like he is saying کہ منسٹر صاحب نہیں ہیں، کیا آپ کوئی جواب ان کو دیں گی؟ کیونکہ لاء منسٹر کہتے ہیں کہ مجھے کسی نے نہیں کہا تو، جی شاہ حسین صاحب! You want to add to this one، انیسہ بی بی جواب دے دیں تو میں پھر آپ سے پوچھتی ہوں۔

<u>محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی (وزیر معدنیات)</u>: تھینک یو۔ میڈم سپیکر! یہ بات تو ہے۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: آپ کے پاس آتی ہوں ابھی، I will come back to you

وزیر معدنیات: بات تو سچ ہے مگر بات ہے رسوائی کی، کہ وہ واقعی Minister concerned کی یہ ڈیوٹی تھی کہ وہ یا تو کسی کو بریف کر کے، کسی کے حوالے کرتے، مجھے بھی نہیں دیا۔۔۔۔

جناب شاہ حسین خان: منسٹر کون ہے؟

وزیر معدنیات: Relevant جواب ہے، اگر آنریبل ممبر اس سے مطمئن نہیں ہیں تو پھر آپ سے میری یہ ریکویسٹ ہے کہ اس کو ڈیفر کر دیں اور بجائے اس کے یہ منسٹر صاحب کے آنے کے ساتھ ہی دیکھا جائے کیونکہ I have not been given this brief اور اگر آپ کہتی ہیں کہ ان کو کوئی، جواب سے مطمئن نہیں ہیں تو پھر اس میں وہ اپنا Point of view دیں تاکہ اس کے مطابق پھر ہم اس کا جواب، چونکہ جواب بڑا کلیئر ہے جوانہوں نے بتایا ہوا ہے کہ جو مذکورہ پراجیکٹ ہے وہ پانچ ملین کے کل بجٹ کے ساتھ یہ منظور ہوا تھا 1st April 2014 کو اور اس کا مقصد آئی ٹی پارک ایبٹ آباد کی بلڈنگ کا ڈیزائن اور فزیبلٹی منظور کرنا تھا اور اس کیلئے انہوں نے چار دفعہ ڈائریکٹریٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی نے اخبار میں اشتہار دیا لیکن کوئی Consultancy firm اس کیلئے آئی نہیں ہے تو اس لئے اس کا جو Delay ہے وہ ہوا ہے، اس کیلئے انہوں نے کہا تھا کہ ابھی جو زمین ہے اس کے حوالے سے بھی ان کو بتایا ہے کہ اب تک زمین نہیں خریدی گئی، ظاہر ہے جب اس کی فزیبلٹی تیار ہو گی تو اس کے مطابق ہی ہو گا، اس میں محکمہ تو اپنی طرف سے کام کر رہا ہے لیکن اس کیلئے دیکھنا پڑے گا، جیسا کہ اب انہوں نے صاف بتایا ہے کہ اس آئی ٹی پارک کا ڈیزائن اور ماسٹر پلان جو ہے وہ اب ڈیپارٹمنٹ کو سونپا گیا ہے اور یہ معاملہ خیبر پختونخوا آئی ٹی بورڈ کی میٹنگ میں 18 نومبر 2016ء کو وزیر اعلیٰ صاحب کی سربراہی میں پیش کیا گیا تھا اور اس میں فیصلہ یہی ہوا تھا کہ سی اینڈ ڈبلیو جو ہے یہ اب پراجیکٹ کرے گا، تو سی اینڈ ڈبلیو کو اس سلسلے میں ہدایات جاری کر دی گئی تھیں، سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ نے ایبٹ آباد آئی ٹی پارک کا پلان مکمل کر لیا ہے اور اس کی کاپی منسلک ہے اور وہ ان شاءاللہ جلد مکمل ہو گا، یہ جو Delay ہوا ہے تو C&W is already in work، آج ایک یہ بھی حقیقت ہے کہ پی ٹی آئی کی لیڈرشپ کا ایک Important جلسہ ہے جس کی وجہ سے بہت سے لوگ ادھر گئے ہوئے ہیں، اور یہ کہنا کہ اس وقت اجلاس نہ ہو، جلسے چھوڑ دیئے جائیں تو یہ ایک پولیٹیکل سٹیٹمنٹ

ہے، مجھے پتہ ہے نلوٹھا صاحب بہت اچھے اور پیارے انسان ہیں، وہ اپنی Political activities کبھی بھی قربان نہیں کرتے، ایبٹ آباد کے حوالے سے ہوں یا کسی اور جگہ، تو وہ دوسری پارٹی سے بھی یہ Expect نہیں کریں گے کہ وہ بھی ایسا کرے، اور لیڈر شپ کی بھی یہ مجبوری ہوتی ہے تو اس لئے اگر اس جواب سے مطمئن نہیں ہیں تو پھر میں تو یہی کہہ سکتی ہوں کہ اس کو فی الحال ڈیفر کریں ورنہ یہ Clearly categorically بتا دیا گیا ہے کہ سی اینڈ ڈبلیو اس پر وہ پلان پیش کر چکا ہے اور ان شاء اللہ عنقریب اس آئی ٹی پارک پر کام شروع ہو جائے گا۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: نلوٹھا صاحب! تھینک یو ویری مچ انیسہ بی بی، انیسہ بی بی نے تو بہت زیادہ Self----

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا</u>: سپیکر صاحبہ! میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں، سپیکر صاحبہ مجھے بتایا جائے۔

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Let him finish

ہاں، امجد صاحب! ان کا کوئسچن ہے، وہ Answer کر رہے ہیں، امجد صاحب! آپ بیٹھ جائیں، جی آپ بولیں۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا</u>: سپیکر صاحبہ! میں حکومت سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آئی ٹی کا منسٹر کون ہے، اس کا نام بتایا جائے؟ اور دوسری بات یہ ہے کہ چار سالوں سے ہم نے دیکھا نہیں ہے، ان کی شکل نہیں دیکھی ہے ذرا ہمیں پتہ چل جائے وہ منسٹر کون ہے؟ پھر اس کے بعد اگلی بات میں کرتا ہوں۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: انیسہ بی بی، انیسہ بی بی۔

<u>وزیر معدنیات</u>: خیر یہ تو اتنے Commenced اور Well informed آدمی ہیں کہ یہ صرف ریکارڈ پہ شاید لانا چاہ رہے ہیں، سینیئر منسٹر فار ہیلتھ، شہرام خان کے پاس آئی ٹی کا Portfolio بھی ہے اور اگر آپ نے ان کو نہیں دیکھا تو تصویر ابھی آپ کو اسی ویب سائیڈ پہ آپ کو مل جائے گی، ورنہ میں انہیں کہوں گی آپ کو خصوصاً چائے پہ دعوت دیں اور آپ کے ساتھ وہ اس کیس کے اوپر بھی تفصیلاً بات کریں , I will take your message to him, thank you.

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو انیسہ بی بی۔ جی نلوٹھا صاحب!

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میڈم سپیکر! مجھے اس بات پہ حیرانگی ہے، میں بہت قدر کرتا ہوں منسٹر صاحبہ کی اور ہماری اس اسمبلی کی الحمدللہ لائق ترین پارلیمنٹیرین ہیں لیکن میں ان سے بھی یہ سوال کرتا ہوں اور ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا ایبٹ آباد جو ہے وہ کے پی کے کا حصہ نہیں ہے، ہزارہ ڈویژن خیبر پختونخوا کا حصہ نہیں ہے؟ کتنا عرصہ ہو گیا اس کی ابھی تک Feasibility report نہیں بنی ہے اور پانچ کروڑ روپیہ آپ نے مذاق کیا ہے ایبٹ آباد والوں کے ساتھ، آپ اگر محکمہ جات سے کام نہیں لے سکتے ہیں تو یہ پیسہ جو ہے یہ کوئی حرام کا مال تو نہیں ہے، کیوں آپ اس کو اس طرح تباہ و برباد کر رہے ہیں؟ اور پھر جو بات میں نے کی ہے، میں یہ نہیں کہتا آپ جلسے بھی کریں، آپ جلوس بھی کریں، آپ سیاسی پارٹی ہیں آپ کو پورا حق ہے لیکن خدا کیلئے جس دن آپ اجلاس بلائیں، آپ اسمبلی کو اہمیت دیں یا تو آپ جلسے والے دن اجلاس نہ رکھیں لاکھوں روپے جو ہیں اس قوم کے، غریب قوم کا پیسہ ہے، اس اجلاس پہ خرچ ہوتا ہے اور اس دن ہمارے سوالات کا جواب دینے کیلئے منسٹر نہیں آتے، میں شہرام خان کو جانتا ہوں اور ایک عرصے سے جانتا ہوں لیکن میں نے اس لئے میڈم سے سوال کیا کہ کیا ان کی ذمہ داری نہیں ہے کہ آج وہ ایک سال کے بعد میرا سوال آیا ہے اور وہ ہاؤس میں موجود نہیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، شاہ حسین تا سو څه وئیل غوښتل؟

جناب شاہ حسین خان: زما هم دغه خبره وه، ما اوکړه۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، چلیں نلوٹھا صاحب، اوکے انیسہ بی بی۔

وزیر معدنیات: میڈم سپیکر! جو بات انہوں نے کی ہے میں یہ Clarify کروں کہ میرے حساب میں بھی اور ہم سب کے اور میرا خیال ہے سردار صاحب کے بھی کہ ایبٹ آباد جو ہے وہ خیبر پختونخوا کا دل ہے اور اس لحاظ سے ہمارے لئے بہت اہم ترین شہر ہے اور یہ صرف اس لئے نہیں کہ میں یا نلوٹھا صاحب دونوں ہم ہزارہ سے Belong کرتے ہیں، یہ ویسے بھی پشاوریز کیلئے بھی اور پورے خیبر پختونخوا والوں کیلئے ایک بہت اہم ترین شہر ہے، آپ اس میں دیکھیں کہ کچھ Circumstantial reasons ہوتے ہیں، اگر چار دفعہ Consultancy کیلئے کہا جائے، اشتہار دیئے جائیں اور اس کیلئے کوئی فرم نہ آئے تو اس میں Minister

concerned کا یا ڈیپارٹمنٹ کا کیسے قصور ہو سکتا ہے؟ اور پھر جب اس مسئلے کا حل Highest level پہ چیف منسٹر کی سربراہی میں ہوا ہے، I am very happy کہ اکبر ایوب صاحب آگئے ہیں سی اینڈ ڈبلیو کے وہ انچارج منسٹر ہیں اور وہ بھی اس بات پہ اپنا Point of view دے دیں گے، اب سی اینڈ ڈبلیو کی ذمہ داری ہے انہوں نے اس کا Design plan سب کچھ تیار کر دیا ہے اور ان شاءاللہ بہت جلد اس پر کام شروع ہو گا، یہ ایشورنس بھی On the floor of the House دے دی گئی ہے تو میری ریکویسٹ ہے اپنے معزز رکن سے کہ وہ، اس میں اگر اکبر ایوب صاحب بھی اپنا کچھ آئیڈیا ان کو دے دیں کہ یہ کب تک ہو گا؟ تاکہ ان کی تسلی ہو جائے، کیونکہ یہ بہت اہم پراجیکٹ ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی اکبر ایوب صاحب، کوئسچن یہ ہے 4784 and this is regarding the Science and Technology and like the answer was، کہ یہ ٹینڈر ہوا، Who had, Whatever you know ہے لیکن Finally یہ آپ کے اس میں آئے گا Can you add something to that?

جناب اکبر ایوب خان (مشیر مواصلات و تعمیرات): میڈم! مجھے سوال کا، میں ابھی آیا ہوں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: انیسہ بی بی کا مائیک آن کریں۔

وزیر معدنیات: آئی ٹی پارک کے حوالے سے جو ایبٹ آباد میں منظور ہوا ہے جس کی چار دفعہ وہ Consultancy firm نہیں آئی پھر نومبر 2016ء میں چیف منسٹر کی سربراہی میں یہ فیصلہ ہوا کہ سی اینڈ ڈبلیو اسے کرے گا اور سی اینڈ ڈبلیو نے اب اس کا ڈیزائن، ہر چیز تیار کر لی ہے اور یہ ایشورنس دی گئی ہے اس جواب میں کہ بہت جلد اس پر کام شروع ہو جائے گا، اس پر اگر آپ معزز رکن کی تسلی سی اینڈ ڈبلیو کے Behalf پر بھی کریں تو ان کو۔۔۔۔۔

مشیر مواصلات و تعمیرات: جی میڈم، میں سردار صاحب کو یقین دلاتا ہوں، سردار صاحب! میں اس کے اوپر چیک کر لوں گا کہ کیا پوزیشن ہے؟ اور ان شاءاللہ اس کے اوپر Fast track کے اوپر ہم کام کریں گے، میں بھی ہزارے کا ہوں، سردار صاحب بھی ہزارہ کے ہیں، یہ تو ہمارے اپنے لوگوں کے Benefit میں ہے۔ مجھے اگر

آپ نے پہلے بتایا ہوتا، ہم پہلے اس کے اوپر کرتے، اس کے بارے میں مجھے اتنی ڈیٹیلز نہیں پتہ میں ڈیٹیلز چیک کر کے سردار صاحب! میں خود آپ کو بتاؤں گا جو بھی پوزیشن ہو اس کو Fast track کریں گے ان شاءاللہ اگر کوئی۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نلوٹھا صاحب! دو ہزارہ کے لوگ، Anisa Bibi from Hazara and,۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میڈم! یکم پریل 2014ء کو ااس مذکورہ پراجیکٹ کیلئے پانچ ملین روپے جو ہیں وہ رکھے گئے تھے، چیف منسٹر صاحب نے اس کیلئے میٹنگ میں فیصلہ کیا تھا، چیف منسٹر صاحب کی سربراہی میں، اور آپ حساب لگائیں کہ یکم اپریل 2014ء اور ابھی 2017ء جاری ہے تو میں یہ سوال اسی لئے لایا تھا کہ میں ڈیپارٹمنٹ کے نوٹس میں لانا چاہتا تھا، منسٹر صاحب کے نوٹس میں لانا چاہتا تھا کہ اتنا عرصہ گزرنے کے باوجود اس کے اوپر کوئی کام نہیں ہوا ہے تو یہ سست روی کیوں ہے؟ اسی لئے میں یہ سوال لایا تھا اور اب یہ میں نہیں کہتا کہ بہت زیادہ ہزارے وال ہوں یا ایبٹ آباد سے میرا تعلق ہے، اکبر ایوب خان بھی اور میڈم انیسہ زیب طاہر خیلی بھی ہزارہ سے ہیں، ہمیں چاہیئے کہ صوبے کے کسی بھی ضلعے کے اندر کوئی ترقیاتی کام ہو تو ہم سب کو اس کے اوپر نگرانی رکھنی چاہیئے، لیکن مجھے حیرانگی ہے کہ اب تک کیوں لعت ولعل سے کام لیا گیا؟ تو آپ کی حکومت کا ایک سال باقی رہتا ہے، یہ پیسے ضائع ہو جائیں گے اور اس پروجیکٹ پر کام نہیں ہو سکے گا اور اس علاقے کے عوام کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہو گی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بالکل، انیسہ بی بی۔

وزیر معدنیات: جی میڈم، میں بالکل اتفاق کرتی ہوں، بہت Important تھا، 2012ء میں یہ ہوا تھا لیکن پھر چودہ میں اس کیلئے یہ جو رقم مختص کی گئی تھی پانچ ملین کی، یہ اس کی فیزیبلٹی سٹڈی اور ڈیزائن کیلئے تھی تو یہ اب خوشی ہونی چاہیئے کہ وہ کام ہو گیا ہے۔ جہاں تک بائیس کنال کی بات ہے وہ بھی زمین اس کیلئے ہو گئی ہے وہ ایگری کلچر ڈیپارٹمنٹ سے ٹرانسفر ہوئی ہے، اس کیلئے وہ خریدی نہیں گئی ہے بلکہ اس کو ٹرانسفر کیا گیا ہے So the land is there, the feasibility and design is ready, so hopefully، اب جو

ایشورنس آئی ہے سی اینڈ ڈبلیو منسٹر کی طرف سے، تو یہ ان شاء اللہ اس کو Fast track پہ کریں گے، ہمارے لئے بہت Important ہے اور ابھی اس کیلئے Appropriate ہونا ہے، باقی پیسہ فزیبلٹی کے پیسے کے علاوہ، تو وہ ان شاء اللہ اس بجٹ میں ریکویسٹ کریں گے کہ وہ اس کیلئے Amount رکھا جائے تاکہ یہ اسی اگلے مالی سال میں کمپلیٹ ہو۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحبہ! میڈم انیسہ زیب طاہر خیلی صاحبہ بھی اور اکبر ایوب خان صاحب بھی سب یہ چاہتے ہیں کہ یہ پروجیکٹ جو ہے یہ مکمل ہو تاکہ لوگ اس سے استفادہ حاصل کریں تو میں یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ میرا یہ کوسچن سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کیا جائے اور وہاں پہ اس پہ کام ہو گا اور جلد از جلد اگر یہ چاہتے ہیں کہ اس پر جلد کام ہو تو پھر اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کے آپ حوالے کر دیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: آپ Insist اگر کرتے ہیں، Otherwise میرا تو خیال ہے کہ Explanatory answers انیسہ بی بی اور اکبر ایوب صاحب نے دے دیئے، But if you insist that is like your choice، جی اکبر ایوب صاحب! آپ کہنا چاہتے ہیں؟

مشیر برائے مواصلات و تعمیرات: میڈم! یہ Depend کرتا ہے کہ جب Consultancy نہیں ہوئی تو کب ہمیں آڈرز ملے ہیں کہ آپ خود اس کو Execute کریں، میں چیک کر لوں گا، سردار صاحب! میں آپ کو ایشورنس دیتا ہوں ان نشاءاللہ کہ آپ کو Within the week اس کے اوپر پراگریس نظر آئے گی، نہ ہوا تو کمیٹی ادھر ہی ہے پھر ان شاء اللہ اس میں بھیج دیں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: چلیں انہوں نے ایشورنس دے دی ہے ان کی مان لیں اب، Thank you Nalotha Sahib, Thank you very much, Okay.

جناب امجد خان آفریدی (مشیر برائے سیاحت): میڈم! پوائنٹ آف آرڈر باندې خبره کول غواړم۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی۔

مشیر برائے سیاحت: دا یو خبرہ کوم، د کوهاټ حوالې سره۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یرہ، دا کوئسچن آورز ختمیږی رانه، د کوهاټ حوالې سره دا خو د نلوتها-----

مشیر برائے سیاحت: یوہ خبرہ کوم-----

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نہ، If you want, regarding اسی کے ساتھ، I accept otherwise اس سے باہر نہیں۔

مشیر برائے سیاحت: Important دہ جی، زہ صرف یو خبرہ کومہ جی، یو دوہ مینټه راکړہ، دوہ مینټه نه زیات ټائم نه اخلم۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نہ، دوہ منټه نه، ته لس منټه واخله خو You have to speak on this very subject په دې سبجیکټ به خبرے کوے، دا کوم کوئسچن-----

مشیر برائے سیاحت: د کوهاټ حوالې سره جی، ډیر Important issue دہ-----

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نہ، د کوهاټ، Sorry, you bring your Question then I'll listen it

مشیر برائے سیاحت: کوهاټ حوالې سره دے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: You bring your Question، د کوهاټ حوالې سره ته کوئسچن راوړہ، زہ به ئے واؤرم۔ سید سردار حسین چترالی صاحب!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: سردار حسین چترالی صاحب، کوئسچن نمبر 4886، موجود نہیں، لیپس، صاحبزادہ ثناءاللہ 4848، میرا خیال تھا کہ آپ نہیں ہیں، اوکے، ثناءاللہ صاحب۔

* 4848 _ صاحبزادہ ثناءاللہ: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے عوام کی فلاح وبہبود کیلئے مختلف اقدامات اٹھائے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو جون 2013ء سے لیکر جون 2016ء تک صوبے کے تدریسی ہسپتالوں کو کتنا فنڈ فراہم کیا گیا ہے، شعبہ وائز تفصیل فراہم کی جائے;

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر برائے (صحت و انفارمیشن ٹیکنالوجی)} (جواب وزیر معدنیات نے پڑھا):

(الف) جی ہاں۔

(ب) جون 2013ء سے لیکر جون 2016ء تک صوبے کے تدریسی ہسپتالوں کو دیئے گئے فنڈز اور آمدن کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: شکریہ میډم۔

محترمہ ډپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر پلیز Repeat کړه بنه ؟

صاحبزادہ ثناءاللہ: شکریہ۔ میډم سپیکر! د چا کوئسچن نمبر او چاته اوایم، او دا سوال د چانه تپوس اوکړم؟ منسټر صاحب خو شته نه، میډم سپیکر! ما په 2015ء کښې دا سوال کړے دے، د 2015ء په End کښې دا 4848 دا خو ډیر آسان فکر دے، ما نن د ولس بجې زه لاړم او د سپرنټنډنټ صاحب کمرې ته او د دې سوال جوابونه ما وئیل چې زه ئے راواخلم، زما سوالات دی چې زه ئے اوګورم په نیټ باندې نه راتلل چې هغلته لاړم، هغوی نه مو تپوس اوکړو نو هغوی اووئیل چې لا تر اوسه پورې د سوال جوابونه راغلی نه دی نو، میډم سپیکر! زما خیال دے چې دا امتحان ستاسو چې دے کنه، دا څه ډیر بنه نه دے چې مونږ دلته راشو د سوال جواب اووایو چې جواب راغلے دے، د ولس بجې زه تلې ووم، نه وو راغلے، اوس منسټر صاحب نشته دے، د کوم سوال جواب چې راغلے دے نو ما دا ټول اوکتل، زما څلور پینځه سوالونه دی، په پینځو سوالونو کښې دا ئے لیکلی دی چې "جواب لف ہے، منسلک ہے" خو په نیټ باندې هم نه راځی یا په دې کمپیوټر کښې فرق دے او نه هارډ کاپی شته دے، ما اوکتلو هغه کمپیوټر والا، میډم! هغه کمپیوټر والا مو ورله هم رااوغبنتو، دا لا اول سوال چې کوم دے 4848۔ د دې نه اخوا بیا نور سوالات هم دی، تاسو اوګورئ زما مقصدی خبره دا ده که فرض کړه تاسو واقعی مخلص ئے او تاسو د دې سوالونو

جوابونه ورکړئ نو یا خو دا مسنټر صاحب خپله باندې چې حاضر وی نو زه به اوس چانه تپوس کوم، تاسو راته اووایئ، چانه تپوس اوکړو؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بنه ثناءالله صاحب! You are very right ما مخکښې هم Repeatedly departments ته وئیلی دی چې Answers په ټائم راوړئ And even today I was toled at 12 O'clock چې کوئسچن نه وو راغلے I am requesting all the Secretaries and from my side this is last time سپیکر صاحب، به نور صبر کوی، زه نو صبر نه شم کولے، 12 O'clock پورې کوئسچنز نه وو راغلی، 12:30 پورې کوئسچنز راغلل بیا مونږه واغستل، And in future I would like the answers to be here 24 hours before the session of the Assembly، چوبیس گھنٹے سیشن سے پہلے کوسچن آئیں Otherwise میرا سیکرٹریٹ سٹاف نہیں Accept کرے گا، یہ میں Clear بتاناچاہتی ہوں وہ Blank جائیں گے، نمبر1، نمبر2، شہرام صاحب نے مجھے فون کیاہے کہ میں آرہاہوں تواس کاتھوڑی دیر کیلئے وہ کردیں Because he told me, he is coming and he said he'll be here at 3:30. I don't know why is he late?Ji, Anisa Bibi.

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی (وزیرمعدنیات): Madam! I would like to clarify one thing، یہ کمپیوٹر میں اگر آپ دیکھیں تواس میں انہوں نے جو دی ہوئی ہے، Attachment وہ موجود ہے، اس میں آپ کو سکرین کے اوپران کو سلائیڈ کرناہوگا، کمپیوٹروالا جو بندہ ہے وہ آکران کوبتائے تواگر ابھی آئے گا دوبارہ وہ آکران کوبتائے، اس کے اندر محکمانہ جواب لکھاہواہے، اس میں لیڈی ریڈنگ ہسپتال کو مالی سال میں 2013-14ءاور15-16ء میں جو دیئے ہیں وہ بھی سامنے ہیں، اس کے ساتھ جو باقی ہسپتال تھے، اس حوالے سے کارڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ میں یاجواس کے اندر آمدن ہے وہ بھی ساری بیان کی گئی۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: میډم سپیکر! که فرض کړه، دا میډم تیاره وی نو زه جوابونه ورکوم، زه بالکل تیار یم او زه خپل سوالونه وایم، ٹھیک ده، میډم سپیکر! زما خو دا خیال وو

چې که میډم ته علم نه وی او زه میډم، اگرآپ جواب دیناچاہتی ہیں تو میں بھی تیار ہوں، میں ابھی اس کودیکھ کر میں وہ بات کرلوں گا، لیکن پھر ایسا نہیں کہ-----

Madam deputy Speaker: Anisa Bibi, Let him finish, Anisa Bibi, I am coming back to you? جی، تاسو څه وایئ ثنا ءالله صاحب؟

صاحبزادہ ثناءاللہ: میډم سپیکر!زه دا وایم چې که فرض کړه زه د سوالونو دا جوابونه وایم، د دولس بجو نه پس راغلی دی، باره بجې نه وو راغلی، اوس هم زه دې خبره باندې، ما خو کتلی هم نه دی، اوس به ئے اوګورم او دا ده چې د کوم څیز ئے چې ما ته جوابونه راکړی دی د 4848۔ دوئ وائی چې دا ټهیک دے، زه وایم چې ټهیک ده، تاسو دا خبره چې کوئ د 4848۔ "کیاوزیرصحت" دا خپله باندې اوګورئ 4848، "کیاوزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے عوام کی فلاح وبہبود کیلئے مختلف اقدامات اٹھائے ہیں"جواب"جی ہاں"اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتوجون2013ءسے جون2016ءتک صوبے کے تدریسی ہسپتالوں کوکتنافنڈ فراہم کیاگیاہے، شعبہ وائز تفصیل فراہم کی جائے، مذکورہ عرصہ میں ان تدریسی ہسپتالوں سے کتنی آمدن حاصل کی گئی ہے، شعبہ وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی انیسہ بی بی۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: اس سلسلے میں عرض ہے،دا جواب د دې دا دے جی، "اس سلسلے میں عرض ہے کہ جون2013ءسے لیکر جون2016ءتک صوبے کے تدریسی ہسپتالوں کو دیئے گئے فنڈزاور آمدن کی تفصیل منسلک ہے"میډم تاسو بیا مخکښې لاړ شئ-----

Madam Deputy Speaker: Order in the House please. Sobia, please you go to your own sea.

صاحبزادہ ثناءاللہ: مالی سال14-2013ءدوارب گیارہ کروڑ ساٹھ ہزار، یہ جواب یہاں تک انہوں نے تودیاہے لیکن وہ جو تفصیل میں نے مانگی ہے سوال میں،اور جواب جو دیاہے اس میں تو وہ تفصیلات بالکل نہیں ہیں۔اسی وجہ سے تو میں میڈم کوریکویسٹ یہ کررہا تھا کہ میڈم،اگرآپ کو صحیح انداز نہیں ہے تو ایسا اچھا بھی نہیں لگتا کہ آپ

جواب دیں اور پھر خاموش بیٹھ جائیں تو یہ اسی لئے میں ریکویسٹ کر رہا ہوں، منسٹر صاحب نہیں ہیں، جب منسٹر صاحب آ جائیں، منسٹر صاحب آ جائیں تو وہ مجھے پورا تفصیل سے جواب دیں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: انیسہ بی بی۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی (وزیر معدنیات): میڈم! یہ بالکل آپ نے صحیح کہا، آپ نے اس کی تصحیح کر دی تھی کہ منسٹر صاحب آرہے ہیں، He must to on his way، اور اگر وہ آرہے ہیں تو مجھے اس کا جواب دینے کی بات نہیں ہے، میں ان سے صرف یہ Clarify کر رہی تھی کہ کمپیوٹر پہ جواب موجود ہے اور اگر یہ سلائیڈ کریں تو وہ جو Written ہے، باقی جو سپلیمنٹری کیلئے یا جو خود محکمہ ہے، I am not interested with this responsibility کہ میں ان کو جواب دوں، تو یہ انتظار کر لیں، میری بھی یہ فاضل جو معزز رکن ہیں ان سے ریکویسٹ ہے کہ منسٹر صاحب کے آنے تک اس کو ڈیفر کر دیں، اگر وہ آ جاتے ہیں بروقت تو وہ ان کا جواب دیں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: میں نے بھیج دیا ہے فون کرنے کیلئے-----

مفتی سید جانان: محترم سپیکر صاحبہ! زه یو عرض کول غواړم-----

محترمہ ڈپٹی سپیکر: دې سره Related دے ؟

مفتی سید جانان: او۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے ، مفتی جانان صاحب خو Let the Minister come کنه، مفتی جانان صاحب!

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میډم ! زمونږ علاقې طرف ته یو سړے وو، پشکال کښې ئے استثقاګانې کولے ، بیا هغه خلقو ورته اوویل چې دا پشکال په استثقاګانو مه عادت کوه-----

محترمہ ڈپٹی سپیکر: پشکال کښې ئے څه کول Sorry I didn't get that۔

مفتی سید جانان: د استثقاء مونځ څه وی، دا توبې مونځ چې خلق کوی-----

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اچھا،اوکے۔

مفتی سید جانان: هغه ورته اووئیل چې پشکال په دې باندې مه اموخته کوه۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اچھا۔

مفتی سید جانان: زه په معذرت سره درته وایم، دا دومره ایوان ناست دے او دا دومره خلق ناست دی، مونږ به منسټر ته انتظار کوؤ؟ د جمعې په ورځ، د تیرے جمعې په ورځ دلته ایوان نه دغه شان لاړو، تقریباً 10/15 لاکھ روپئ خرچه کیږی، د دغه غریبو خلقو او اوس تمامه اسمبلی به یو منسټر ته ناسته وی، منسټر ته به انتظار کوی۔ دا خو نه دنیا کښې شته دے او آخرت نه خبر نه یم چې آخرت کښې به وی او که نه وی، داسې خو مونږ چرته نه دی لیدلی نو زه افسوس سره دا خبره کوم، میډم! د خدائے د پاره، خدائے ته اوګورئ، په ریکویسټونو کار نه کیږی، دا کرسئ استعماله کړئ، دا زور استعمال کړئ، سیکرټریانو ته زمونږ ریکویسټ دے، محمکو ته زمونږ ریکویسټ دے، اوس به منسټر ته هم ریکویسټ کوؤ چې منسټر صاحب تاته ټوله اسمبلی په انتظار ده او ته صوابئ نه تشریف راوړه، دا خو یو عجیبه غوندې خبره ده۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تهینک یو، تهینک یو۔ د خدائے واسطه مه راکوه، نورې هرې واسطې راکړه خو خیر دے۔ Actually , he phone me , just I don’t really ما اولیږلو سړے، فون ورته کوی چې زه درځم خو Let see, we will صاحبزاده صاحب یو څو منټه دې ته صبر کوؤ او Next is again your question دا ټول خو ستاسو دی۔ Next is again yours اچها ټول هیلتھ سره دی۔ اوکے، هیلتھ منسټر ته ټیلی فون Let see۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یس، دا نور کوئسچنز هیلتھ سره دی۔ If health Secretary او ایډیشنل سیکرټری او Special Secretary is here, anybody from health?

You please go and ring your Minister please. اگر ہیلتھ کا کوئی بھی بندہ ہے، ڈپٹی ہے، ایڈیشنل ہے تو آپ ذرا ہیلتھ منسٹر کو فون کریں کہ، ہم ایجنڈا کو ذرا آگے بڑھائیں بہت بڑا ایجنڈا ہے تو منسٹر۔

<u>مفتی سید جانان</u>: میډم! دو منټ.....

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: اوکے، مفتی جانان صاحب!

<u>مفتی سید جانان</u>: دوه منټه غواړم، زه د دغه اسمبلئ چې دا کوم توقیر او بے عزتی کیږی، په دغه بنیاد باندې زه دغه اسمبلئ ته نه ځم، دا د دغه ایوان تذلیل دے، دا تذلیل مونږ نه کول غواړو، زه درنه لاړم۔

(اس مرحلہ پر مفتی سید جانان ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Health Minister is just entering, entering the Assembly in a minute,

تب تک میں یہ لیتی ہوں۔

(اس مرحلہ پر محکمہ صحت سے متعلق سوالات کے جوابات سینیئر وزیر صحت کے آنے تک ملتوی کر دیئے گئے)

اراکین کی رخصت

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں ہیں، سردار محمد ادریس، اعظم خان درانی، الحاج صالح محمد خان، الحاج ابرار حسین، ملک نور سلیم، محب اللہ خان، Leave may be granted, leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Leave is granted.

تحریک استحقاق

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Item No. 05, 'Privilege Motions': Mehmood Jan Sahib.

<u>جناب محمود جان</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ زما دے، زما دے، زما دے، کښېنه، کښېنه۔

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Mufti Fazal Ghafoor to please move his privilege motion 127

Mr Mehmood Jan: Madam!

Madam Deputy Speaker: Mufti, Okay, Mehmood Jan to please move his privilege motion 124 in the Assembly.

جناب محمود جان: تھینک یو۔ میڈم سپیکر! مورخہ 23فروری 2017کوٹاؤن ٹوآفیسر پشاور میں ایک میٹنگ کے سلسلے میں گیا تھا جس میں مسمی سلیم رضا،ڈسٹرکٹ آفیسر سپورٹس ڈیپارٹمنٹ نے میٹنگ کے دوران اور تمام ٹاؤن ممبران کے سامنے میرے ساتھ انتہائی بدتمیزی کی اور نہایت نازیبہ الفاظ استعمال کئے، لہذا مذکورہ افسر کو معطل کرکے اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، کیوں کہ اس سے نہ صرف میرا بلکہ اس معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ میډم! دا استحقاق پریویلج کمیټۍ ته حواله کړئ جی او دا کس دې فوراً سسپنډ شی، زما په باره کښې به بیا ته هم خبره اوکړے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: منسٹر سپورٹس۔

جناب محمود جان: منسٹر سپورٹس،منسٹر سپورٹس۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: منسٹر سپورٹس،منسٹر سپورٹس (شور)

جناب محمود خان (وزیر کھیل): شکریه۔ میډم سپیکر! دا محمود جان چې کوم تحریک استحقاق پیش کړے دے او دې د دې اسمبلۍ یو معزز رکن دے ، هغه اوری نه نو، مړه هغه بنځه نه آوری نو-----

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: شهرام خان! د شهرام کوئسچن راکړه ، شهرام خان! یہ شہرام خان کیلئے 4848کوئسچن ہے،4848کوئسچن۔

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر(صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی)}: Fourڅه شے جی؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: 4848

سینیئر وزیر(صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی): 48

محترمہ ڈپٹی سپیکر: 4848 (شور/قطع کلامی)

سینیئر وزیر(صحت و انفارمیشن ٹیکنالوجی): نلوٹھا صاحب، نلوٹھاصاحب، بیٹھ جاؤ خدا کیلئے، بیٹھ جاؤ نلوٹھا صاحب،بیٹھ جاؤ، نلوٹھاصاحب،خدا کیلئے بیٹھ جاؤ،میری ریکویسٹ ہو گی یہ پورے ہاؤس سے کہ آپ بیٹھ جائیں۔

(شور/قطع کلامی)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: Okay, please settle down if you want کہ بزنس چلے، بابک صاحب کا اتناImportant تین دنوں، نہیں سات دنوں سے ان کاوہ چل رہاہے، بابک صاحب! I am coming to you.، یہ ہیلتھ منسٹر صاحبQuestionکاAnswerذرادیدیں،صاحبزادہ ثناءاللہ کوجواب دیدیں ذرا۔

جناب محمود جان: محترمه سپیکر صاحبه! زما د تحریک استحقاق جواب خو را کړه کنه۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اچھااوکے، محمودخان صاحب! یہ کہتے ہیں کہ پریویلج کمیٹی میں چلا جائے۔

وزیر کھیل: میڈم سپیکر! اس طرح ہے کہ اگر محمود جان کی بے عزتی ہوئی ہے اور یہ ایوان جو ہے یہ بڑا معزز ہے تو میں اس ڈی ایس او کو سسپنڈ کرتا ہوں (تالیاں) اور یہ چاہتے ہیں کہ یہ تحریک استحقاق کمیٹی میں جائے تو بیشک چلا جائے میرا کوئیObjection نہیں ہے میڈم (تالیاں)

جناب محمود جان: مہربانی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: محمود جان! He is already suspendedتو بسJust suspendہو گیاتواب کیا کریں؟

جناب محمود جان: لا سسپنډ شوے نه دے جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب محمود جان: نه دې سسپنډ شوے لا جی، اوس به سسپنډ شي جی، اوس ئے اووئیل جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: او۔

جناب محمود جان: اوس سسپنډ شو جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نو بس تھیک شوہ کنہ۔

جناب محمود جان: تھیک شوہ جی، تھیک شوہ جی۔ تھینک یو جی، تھیک شوہ جی۔

جناب محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، تھینک یو ویری مچ۔ اچھا جی میں۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر سینیئر وزیر صحت ایوان میں تشریف لائے)

صاحبزادہ ثناءاللہ: میڈم سپیکر! اب منسٹر صاحب آگئے ہیں اور۔۔۔۔۔۔

Madam Deputy Speaker: Ji ji, I can't hear you, I can't hear you.

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اچھا، بھئی منسٹر صاحب آپ پلیز Question کا Answer دیں نا۔

سینیئر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی): جی کون سے کوئسچن کا؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یہ میں پانچویں دفعہ بول رہی ہوں، 4848۔

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی)}: تھینک یو۔ پہلے شور تھا تو مجھے سنائی نہیں دے رہا تھا، شکریہ میڈم سپیکر صاحبہ، جس طرح صاحبزادہ صاحب نے کوئسچن کیا ہے کہ کتنے فنڈز دیئے گئے ہیں؟ تو میرے خیال سے پوری تفصیل لیڈی ریڈنگ کی ہے، باقی ہسپتالوں کی بھی دی گئی ہے، اگر صاحبزادہ صاحب مجھے تھوڑا سا کلیئر کر دیں تو میں جواب دے دیتا ہوں جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، صاحبزادہ صاحب! کوئسچن دوبارہ پڑھیں، صاحبزادہ صاحب۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: میڈم سپیکر! دا کوم جواب ئے چې را کړے دے، دا د هسپتالونو وزیر صحت صاحب، دا 4848 دوئ وائی چې دا کافی دے، بحر حال دا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: وایہ۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: دا جواب د 4848 پورې زه مطمئن شوم، تهیک ده۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مطمئن شوے، تھینک یو۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: دا 4848, 4848۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، تھینک یو ویری مچ۔ شہرام خان! ان کو تھینکس کریں کہ یہ مطمئن ہو گئے، تھینک یو کریں ان کو۔

سینیئر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی): میں صاحبزادہ صاحب کا بڑا مشکور ہوں، تھینک یو ویری مچ۔

Madam Deputy Speaker: For one Question only, for one Question. Next Question.

سینیئر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی): باقیوں کیلئے ایڈوانس میں مشکور ہوں۔

Madam Deputy Speaker: Next Question 4833, Sahibzada Sahib.

صاحبزادہ ثناءاللہ: شکریہ میڈم۔ یہ جو سوال نمبر ہے 4844۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ڈبل تھری۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: یہاں پہ ڈبل فور آرہا ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: کوئسچن پڑھیں، میں دیکھ رہی ہوں آپ کوئسچن پڑھیں۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: ایک منٹ، ایک منٹ میں دیکھ لیتا ہوں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: میں پڑھ لیتی ہوں، آپ کیلئے، کیا وزیر صحت ارشاد۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: نہیں یہ 4844 ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: کوئسچن آپ پڑھیں، صاحبزادہ، کوئسچن پڑھیں میں دیکھ رہی ہوں۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: میں پڑھ لیتا ہوں، میں پڑھ لیتا ہوں یہ 4844 ہے۔

Madam Deputy Speaker: Come on just read the Question.

صاحبزادہ ثناءاللہ: میڈم! میں پڑھ لیتا ہوں، کیا وزیر صحت صاحب ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ سال 14-2013ء اور 16-15ء میں تمام صوبائی حلقوں میں ہسپتالوں کیلئے ترقیاتی کام، اپ گریڈیشن، نئی بی ایچ یوز، ڈسپنسریاں اور کیٹیگری اے، بی، سی۔۔۔۔

Madam Deputy Speaker: Sorry Sahibzada Sahib.

صاحبزادہ ثناءاللہ: یہ 484 ہے، وہ نہیں آرہا ہے نا، میں تو اس لئے کہہ رہا ہوں کہ وہ نہیں آرہا ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نہیں آرہا ہے، اوکے اوکے، IT people please۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: را شه کنه یا ر کوم د ے ته پکبنی وینے۔ 4833 کوم د ے ؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ان کو ہارڈ کاپی دے دیں، پلیز۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: یہ 4833 ہے، یہ 4833 ہے، ٹھیک ہے میڈم، شکریہ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: صاحبزادہ صاحب! سوری کریں آپ کی غلطی تھی، ہاں۔

* 4833 _ صاحبزادہ ثناءاللہ: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2013ء سے جون 2016ء تک پشاور کے ہسپتالوں میں بھرتیاں ہوئی ہیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو بھرتی شدہ افراد کی تعداد، اخباری اشتہارات، نام، ڈومیسائل، تعلیمی قابلیت، گریڈ اور پوسٹنگ/آرڈرز کی تاریخ کی تفصیل ہسپتال وائز فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) سال 2013ء سے جون 2016ء تک پشاور کے درج ذیل ہسپتالوں 1۔ لیڈی ریڈنگ ہسپتال، 2۔ خیبر تدریسی ہسپتال، 3۔ حیات آباد میڈیکل کمپلیکس، 4۔ پولیس اینڈ سروسز ہسپتال، 5۔ صفوت غیور شہید میموریل ہسپتال پشاور میں بھرتی شدہ افراد کی تعداد، اخباری اشتہارات، نام، ڈومیسائل، تعلیمی قابلیت، گریڈ اور پوسٹنگ/آرڈر کی تاریخ کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: کیا وزیر صحت صاحب یہ ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ 2013ء سے جون 2016ء تک پشاور کے ہسپتالوں میں بھرتیاں ہوئی ہیں؟ جواب، جی ہاں (ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو بھرتی شدہ افراد کی تعداد اخباری اشتہارات، نام، ڈومیسائل، تعلیمی قابلیت، گریڈ اور پوسٹنگ آرڈرز کی تاریخ کی تفصیل ہسپتال وائز فراہم کی جائے، 2013ء سے جون 2016ء تک پشاور کے ہسپتالوں میں بھرتی شدہ افراد کی تعداد، اخباری اشتہارات، نام، ڈومیسائل، تعلیمی قابلیت، گریڈ اور پوسٹنگ آرڈر کی تفصیل درج ذیل ترتیب سے منسلک ہے لیڈی ریڈنگ ہسپتال، میڈم، یہاں پہ تو اب کچھ نہیں آرہا ہے، جواب کیا ہے؟ یہ دیکھ لیں ہو سکتا ہے کمپیوٹر میں فرق ہو۔

Madam Deputy Speaker: Okay ,let him answer and then you see, Ji, Minister Sahib.

سینیئر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی): شکریہ۔ میڈم سپیکر صاحبہ! جس طرح ایم پی اے صاحب نے بات کی ہے، پوری ڈیٹیلز دی ہوئی ہیں کہ جس طرح، کیونکہ یہ ایک بہت ہی لمبا چوڑا کوسچن ہے، ہر ہسپتال کی ڈیٹیلز انہوں نے مانگی ہیں تو وہ ڈیٹیلز ساری لگی ہوئی ہیں تو I don't know، لیکن سسٹم میں پوری ڈیٹیلز ہیں اوران کے ساتھ شیئر بھی کی جاسکتی ہیں، ایسی کوئی بات نہیں میرے ساتھ بیٹھ جائیں گے میں ان کو، میرے پاس تو ہیں۔

صاحبزادہ ثناؤاللہ: نہ راځی جی، نہ راځی۔

Madam Deputy Speaker: Sahibzada Sahib, you please just listen to me زما خبره واوره۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: جی جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: منسٹر صاحب وائی چه دیکښې که تاسو ته نه وی راغلے Just after the Assembly, not today, may be tomorrow تاسو ورسره کښنئ که تاسو په هغې مطمئن نه ئے زه د لته کښې يمه بيا ان شاء الله زه به ئې واخلم۔

جناب سلیم خان: یہ ہمیں پہلے جس طرح Questions, Answers بھیجے جاتے تھے۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: چترالی صاحب، سلیم صاحب کا مائیک آن کریں، او کہ نشتے۔ سلیم صاحب پھر بخت بیدار صاحب، سلیم صاحب What do you want to say?

جناب سلیم خان: میڈم! منسٹر صاحب نے جو رسپانڈ کیا ہے ثناءاللہ کو، اس جواب سے صرف یہی لگتا ہے کہ وہ صرف Just ثناءاللہ کو بریف کرنا چاہتے ہیں باقی ہاؤس کو یہ بریف کرنا نہیں چاہتے، یہ کوسچن اس ہاؤس کی پراپرٹی ہے اور ہم سب جاننا چاہتے ہیں کہ پشاور کے ٹیچنگ ہسپتالوں میں کتنی بھرتیاں ہو چکی ہیں، کس طرح میرٹ کو ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے؟ ہمیں تو اس کا جو جواب دیا گیا ہے اس کے ساتھ جو منسلک، Attach کیا ہے وہ کچھ بھی اس کمپیوٹر میں نہیں ہے، دوسرا ہماری ریکویسٹ آپ سے یہی ہے کہ یہ جو پرانا سسٹم تھا Questions

Answer کا، وہ ہارڈ کاپیز ہمیں دی جاتی تھیں، ایک دن پہلے ہم سٹڈی کر کے آتے تھے، اس میں ساری تفصیل ہوا کرتی تھی مگر اس کمپیوٹر میں کچھ بھی نہیں، مہربانی کر کے وہ پرانا سسٹم جو ہے اس کو بحال کیا جائے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: وہ ابھی نہیں آئے تھے، میں نے ڈیپارٹمنٹس کو انفارم کیا ہے کہ یہ Twenty four hours پہلے Answer بھیجیں گے اور شہرام صاحب Is going to take the notice of that I have told him on phone as well, Ji, Shehram Sahib.

سینیئر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی): سپیکر صاحبہ! اس حکومت میں 'آئی ٹی' آئی ہے، ایک Clarity ہے، کوئی چیز چھپائی نہیں جا سکتی اور نہ چھپانے والی ہے اور جو بھی ہے وہ ریکارڈ پہ ہے، تو ایم پی اے صاحب جو کہہ رہے ہیں کہ سب کو چاہیئے تو ہم سب کو دینے کو تیار ہیں، میرے خیال سے سب سے پہلے یہ کرنا چاہیئے کہ آپ نے جو سسٹم آئی ٹی کا Introduce کروایا ہے، اس کی Access ہر ایم پی اے کو ایک کوڈ کے ساتھ دی جائے کہ وہ آپ اگر ہارڈ کاپیز نہیں دینا چاہتے، ٹھیک ہے آپ ٹیکنالوجیز Use کر رہے ہیں تو وہاں پہ ان کے سمارٹ فونز پہ یا ان کے لیپ ٹاپس پہ یا ان کے ہائی پیڈز میں دو دن پہلے یا چوبیس گھنٹے پہلے ہر بندے کو اپنے کوڈ کے ساتھ وہ Access کر سکیں اور جو Question ہیں اور Answers ہیں وہ گھر پہ ہی ریڈ کر کے جب یہاں پہ آئیں تو ان کو Clarity ہو تو اگر اس میں کوئی ہے تو Kindly اسمبلی کی، اور میں آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ سے بھی کہہ دوں گا، وہ ان کے ساتھ بیٹھ کے Clarity لے آئیں گے کوئی ایشو نہیں ہو گا، باقی جو ریکارڈ پہ ہے وہ ہے، جس کو چاہیئے وہ آپ شیئر کر سکتے ہیں۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اودریږہ، بخت بیدار صاحب! I am coming back to you, I am coming back to you شهرام خان پلیز، زما دغه واؤره، تاسو نه مخکښې ما اووئیل، ستاسو د دې دا جوابونه اسمبلئ ته دولس بجې راغلي وو، دولس بجې او هغه ما راوستل چې کله ډیپارټمنټ ته، تاسو ته درغلي وو بیا ئے Reminder کله درکړے وو۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی): زه به د هغې تپوس اوکړم جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ان شاء اللہ بخت بیدار صاحب! اوس وایه تاسو۔

جناب بخت بیدار: میډم! انتهائی شکریه۔ دا زمونږه د سائنس اینډ ټیکنالوجی منسټر هم دے، ډیر د خوشحالئ خبره ده، مونږ ته د زوړ سسټم معلومات کیږی، د دې سسټم خو مونږ ته پته نه لګی، بیا د داسې اسمبلئ نه کیږی که د هرې محکمې نه، که سائنس ټیکنالوجی واله مونږ له کوی، مونږ له یو لیپ ټاپ، یو کمپیوټر، یو د ورسره کمپیوټر آپریټر دا دې راکړی چې مونږه ئے په ټائم باندې دغه کتې شو۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: شہرام خان، شہرام خان۔

سینیئر وزیر (صحت وانفار میشن ٹیکنالوجی): جی۔

Madam Deputy Speaker: Are you ready to give laptops to them, 124?

سینیئر وزیر (صحت وانفار میشن ٹیکنالوجی): جی، دا اعلان خو به چیف منسټر صاحب یا سپیکر صاحب یا سپیکره صاحبه کوی، چونکه زه دې سره اتفاق ساتم چې تاسو سسټم ټیکنالوجی ته بوځئ څه Device خا مخا پکار دے، څه ټریننګ هم پکار دے او Device هم پکار دے یا خو هر سړی سره خپل وی، کوم چې زما په خیال دې هاؤس کښې ټولو سره شته چې ای میل باندې یا دغه باندې یا هائی پیډ باندې Develop کوی، موبائل باندې ئے ګوری یا هائی پیډ باندې ئے ګوری یا کمپیوټر باندې ئے ګوری او تر څو پورې چې بخت بیدار صاحب وائی چې ما ته هیڅ اعتراض نشته که چیف منسټر صاحب، یا سپیکر صاحب، یا تاسو ورسره ایګری کوئ، زه د حکم پابند یم، زه به ټولو ته Provide کوم، هاں ټسټ به ورکوی، هر سړے چې کوم سړے کمپیوټر اخلی، هغه به چې کوم دے نو څه نه څه پته ورته لګی خو لاله وائی چې مونږ له به ورسره یو دغه هم راکوئ، سړے ورکوی چې هغه به چې کوم دے نو یو کس، هغه ای میل چیک کوی هم او اپ ډیټ کوی به ئے هم، دا به ډیر Complicated شی نو۔

Madam Deputy Speaker: As far as the Assembly is concerned, we send them e-mail.

اسمبلی کی ویب سائیٹ پہ آتے ہیں، صرف آج بدقسمتی سے یہ کوئسچنز ہمیں بہت لیٹ ملے تھے، وہ شہرام صاحب نے فلور پہ کہا ہے کہ آئندہ وہ اپنے ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بیٹھ کے کریں گے، مجھے اگر 24 hours پہلے جواب نہ ملے تو میں جواب نہیں لوں گی، یہ میں نے کہہ دیا ہے ان شاءاللہ، جی ثناءاللہ صاحب، Are you satisfied now ? شہرام نے تو بہت Explanation دے دی نا۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: میډم سپیکر! زما خیال دے چې وزیر صاحب د مهربانی او کړی او دا د کمیټۍ ته حواله کړی، په دیکښې لکه، ګوره جی، دا ډیر تفصیلی سوال ما ځکه کړے دے چې زه هغه بله ورځ لیډی ریډنګ هسپتال ته تلې ووم نو هلته یو تپوس مو او کړو، ماځیګر وو، وائی چې دا خو بیمار تلې وو او ستاسو آفس ته هم بیا راغلے ووم، تاسو هم هغه خبره ورسره او کړه نو هلته یو کس ګرځیدو نو وئیل ئے چې که څه مشکل وی نو زه به خبره کوم، جواب زه ورکولے شم نو ما وئیل ته څوک ئے، وئیل ئے چې زه سپروائزر یم د دې هسپتال، نو ما ورته وئیل چې ته کله بهرتی شوے ئے، هغه و وئیل چې یره زه په دې وخت کښې بهرتی شوے یم نو ما ورته وئیل چې دا خو تاسو پوره فیس اخلئ د دې خلقو نه، دا پرائیویټ پریکټس کوئ په دے نو ما ته ئے وئیل خفه نه شې خو دا مو دوئمه ډبګری هم کهلا کړے ده، ډبګری ګارډن هم کهلاؤ کړے دے، اللّٰه ګواه دے چې دا د سپروائزر ادریس نوم ئے دے، د هغه دا الفاظ وو چې مونږه دا دریم ډبګری ګارډن کهلاؤ کړے دے، میډم سپیکر! زما د دې نه مقصد دا دے چې مونږ ته دا خلق اوښایئ چې دا کوم خلق تاسو بهرتی کړی دی، د دې لړ تفصیل مونږ له پکار دے نو دا د کمیټۍ ته حواله شی چې کوم سوالونو باندې زه مطمئن یم، یو باندې مطمئن شوم، ما واپس واخستو، ٹهیک ٹهاک۔ دوئم چې دا د کمیټۍ ته او لیږلے شی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: شهرام خان، شهرام خان۔

سینیئر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی): زما جی، ایم پی اے صاحب ته به ریکویسټ وی چې کوم Details پکار وی هغه به شیئر کوؤ، که یو Individual، اودریږه او هغه ته

Clarity نه وی د دې خبرے په یو دغه سره ټهیک وائی چې یره دوئمه ډبګری ئے کهلاؤ کړے ده، ډبګری ئے نه ده کهلاؤ کړے، یو جدا سروس ئے کهلاؤ کړے دے، دا حکومت چې دے، دا اسمبلی ده، ټولو ایم پی اے ګانو ته او صرف حکومت نه بلکه د اپوزیشن ټولو ممبرانو ته دا کریډټ ځی چې ایم ټی آئی ایکټ ئے پاس کړے دے، په هغې کښې هغه ډیر کلیئر لیکلی دی چې کوم خلق په هسپتال کښې ډیوټی کوی، جاب کوی، After hours کښې نوی ریکروټ او زړو ته چانس دے چې هغوی به هلته پرائیویټ پریکټس هم کوی، د هغې د کولو مقصد دا دے، زه ایم پی اے صاحب به Update کوم چې کوم خلق Far flung area نه راځی او هغوی پرائیویټ سیکټر ته ځی او هلته کړیږی او هلته ډیر پرابلمز نه تیریږی، هغه خلق خو په Evening کښې راځی هم، هسپتال کښې ښه فیسیلیټیز وی، ښه Equipment وی، ښه ډاکټران دی، صفا ستهرا ځائے دے او هلته چې کوم دے نو هغوی پریکټس کوی، هغه تحریک انصاف حکومت او بلکه دې اسمبلی ته دا کریډټ ځی چې دوئ هغه ایکټ پاس کړے دے او هغې باندې عمل درآمد شروع دے، که چرې یو تن نیم ته پکښې Clarity نه وی یا د هغه الفاظ ټهیک نه وی، د دوئ دا مطلب نه دے چې ټول سسټم خراب دے یا ټول خلق خراب دی، مطلب دا دے چې یو Individual کیس به الګ وی، د ده نوم تپوس، ښولی شئ، مونږ ترې تپوس کولے شو، ما ته هغې کښې څه حرج نشته، دې نه علاوه هر څه الحمد الله بالکل ټهیک دی او زه دوئ مطمئن کولې شم چې څه هم دی، هغې کښې څه ذاتی دغه نشته۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تهینک یو، شهرام خان تهینک یو۔ جی، ثناء الله صاحب!

صاحبزادہ ثناءاللہ: جواب خو شته نه نو زه مطمئن په څه شم، تاسو راته وایئ جواب خو شته نه نو زه په څه مطمئن شم؟ اعزاز الملک صاحب! یو سیکنډ۔ میډم سپیکر! زه د منسټر صاحب په نوټس کښې دا خبره راوستل غواړم چې دغلته کوم پرائیویټ پریکټس په ماښام کښې شروع دے، عوامو ته د هغې نه څه ریلیف ملاؤ دے، زه صرف د دې یوې خبرے تپوس کوم، فیس پوره اخلی، زر روپئ فیس اخلی، څه

ډاکټران دولس سوه روپۍ فیس اخلي او تاسو په خدائے یقین کوئ چې هغه بله ورځ کوم مریض ما بوتلے وو، زه خپله باندې یو فیلډ ورکر یم، زه ځم او چې که زه لاړم، هغه دوه ځائے ما ته، ما ته هغه ډاکټر وائی چې کوم ډاکټر له ورځې د زرو روپو، هغه له ورځه دولس سوه هغه له۔ میډم سپیکر! ما وئیل د زرو روپو دا به بنایئ چې هلته ورغلم نو هغه ته چې کله ما خپله باندې Patient یوړو، د هغه خپه دوه ځائے ما ته وه، د سعودی عرب نه راغلے وو، میډم سپیکر! تاسو په خدائے یقین کوئ، هغه ما ته وئیل چې یره صاحبزاده صاحب ته راغلې ورسره نو دا سړے به زه بولټن بلاک کښې داخل کړم که په ایف سی روم کښې ئے داخل کړم نو ما وئیل دا خو غریب سړے دے، زه ورسره ځکه راغلے یم چې فیس ورته معاف کړئ نو هغه ما ته وئیل چې زمونږه ډائریکټ وارډ کښې څوک نه شی داخلولے، یعنی دا د هغه الفاظ وو۔ زه بیا د هغه مشر ایم ډی صاحب چې څوک ناست دے، په ماځیګر کښې، لکه زما د دې خبرے نه مقصد او دا دومره دے چې عوامو ته د دې نه څه ریلیف ملاؤ شو۔ تاسو وایئ چې مونږه عوامو ته ریلیف ورکړو او دا مونږ ته بیا لوئے کریډټ ځی نو چې زر روپۍ فیس اخلی او هغه یوه خبره خو ستا هم مخکښې ده، رسیدونه مو درله راوړی وو چې کله هغه بیا لاړو ایکسرئ له، میډم سپیکر! عنایت الله خان صاحب، ناست دے، عبد الرؤف نوم ئے دے، د ډوګ درے او د جماعت اسلامی ناظم دے، دا عنایت الله خان صاحب ئے پیژنی، هغه وئیل زه د دوه ګهنټو نه انتظار کوم، زما کور واله بیماره ده او ایکسره دوه نیم سوه روپۍ فیس ئے داخل کړے وو نو هغوی وئیل چې مونږه د ایکسرے انتظار کوؤ، هغه وئیل چې ایکسره ګرمه شوے ده، دا لا ایکسره نه کیږی۔ هغه بهر لاړو، په درے سوه روپۍ بهر ایکسره اوکړه بیا راغلو او هغه دوه نیم سوه روپۍ په دغه مفته کښې لاړے۔ زما عرض دا دے چې که فرض کړه واقعی تاسو د دې قوم سره مخلص ئے، په دې باندې منسټر صاحب! زه سوال کوم، درخواست کوم، ته چرته مابنام کښې ورشه، هسپتال ته او دې حالت ته او ګوره، هغه موبائل ما سره موجود دے چې کوم ګند هلته جوړ وو، ایم ډی صاحب مو را پاڅولو او۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، ثنا ء اللہ صاحب! بس ډیره قصه اوشوه، لس منته خبره دې اوکړه، او کے۔ زه خبره کوم، Just one minute ته پلیز کښېنه۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: دا کمیټۍ ته حواله کړه۔

